بورڈ آف انٹرمیڈیٹ اینڈ سیکنڈری ایجوکیشن، لاہور

کنٹرولر امتحانات — 86۔مزنگ روڈ، لاہور

نمبر 207 سی۔پی — مورخہ: 16-11-2019

(انتہائی ضروری)

جناب پرنسپل / ہیڈ ماسٹر / ہیڈ مسٹریس
گورنمنٹ ہائیر سیکنڈری سکول / ہائی سکول / پرائیویٹ سکولز
ملحقہ بورڈ آف انٹرمیڈیٹ اینڈ سیکنڈری ایجوکیشن، لاہور

عنوان: سیکنڈری سکول سالانہ امتحان 2020ء کے لئے سپروائزری سٹاف کی فراہمی

مکرمی!

جیسا کہ آپ کو معلوم ہے کہ بورڈ ہذا کے زیر اہتمام سیکنڈری سکول (نہم ودہم) سالانہ امتحان 2020ء مورخہ 22 فروری 2020ء سے شروع ہو رہا ہے۔ مذکورہ بالا امتحان کے سلسلے میں دفتر ہذا امتحانی مراکز کا قیام و سپروائزری سٹاف (سپرنٹنڈنٹ، ڈپٹی سپرنٹنڈنٹ ونگران) کی تعیناتی عمل میں لاتا ہے جو کہ آپ گورنمنٹ / پرائیویٹ (بورڈ سے الحاق شدہ اداروں) کے تعاون کے بغیر ممکن نہیں ہے کیونکہ بورڈ ہذا آپ کے اداروں کے طلبہ و طالبات کا امتحان لیتا ہے اس لئے آپ کی بھی ذمہ داری ہے کہ آپ بورڈ کے ساتھ ہر ممکن تعاون کریں جو کہ بورڈ قواعد وضوابط کے مطابق آپ پر فرض بھی ہے۔ جبکہ اس کے برعکس ہر سال بورڈ کو امتحانی سنٹرز بنانے و سپروائزری سٹاف کی تعیناتی میں دشواری کا سامنا رہتا ہے۔

لہذا آپ سے استدعا ہے کہ آپ منسلکہ فارم مکمل کر کے اپنے ادارے کے داخلہ فارمز کے ساتھ دفتر کو ارسال کریں۔ جن اساتذہ اکرام کا آپ ڈیوٹی کے لئے فارم دفتر کو ارسال کریں گے اُن کے ساتھ شناختی کارڈ کی فوٹو کاپی، سیلری سلپ کی فوٹو کاپی اور تصویر ضرور منسلک کریں گے بصورت دیگر آپ کے ادارے کے داخلہ فارم وصول نہیں کئے جائیں گے جس کی تمام تر ذمہ داری آپ پر عائد ہوگی۔

اہم نوٹ: اپنے ادارے کے داخلہ فارم جمع کرواتے وقت سٹاف لسٹ کے ساتھ ڈیوٹی فارم ہر لحاظ سے مکمل کنڈکٹ پرسائل برانچ کمرہ نمبر 207 میں جمع کروائیں بصورت دیگر آپ کے ادارے کے داخلہ فارم جمع نہیں کئے جائیں گے۔

پروفیسر انفاس احمد
کنٹرولر امتحانات

سپروائزری سٹاف درج ذیل شرح سے مہیا کیا جائے گا:۔

۱۔ بطور نگران ڈیوٹی کی خاطر ہر 40 اُمیدواران پر ایک استاد جو کہ گریڈ 14 کے عہدے پر فائز ہو۔

۲۔ بطور ڈپٹی سپرنٹنڈنٹ ڈیوٹی کی خاطر ہر 100 اُمیدواران پر ایک استاد جو کہ گریڈ 15 کے عہدے پر فائز ہو۔

۳۔ بطور سپرنٹنڈنٹ ڈیوٹی کی خاطر ہر 100 اُمیدواران پر ایک استاد جو گریڈ 16 یا اس سے بالاتر عہدے پر فائز ہو۔

۴۔ بطور ڈسٹری بیوٹنگ انسپکٹر ڈیوٹی کی خاطر ایک استاد جو کہ گریڈ 17 یا بالاتر عہدے پر فائز ہو (صرف مرد حضرات)